
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

5 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ کبھی انہوں نے کوئی ایسی کتاب پڑھی یا دیکھی ہے جو کچھ خالی اور کچھ بھری تھی۔ بھری کتاب کا کیا مطلب ہے۔ بچے جو جواب دیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی خالی بھری کتاب کی کوپی کھولیں۔ پہلے خود کتاب پڑھیں پھر 8 - 6 بچوں سے پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے چاروں موسموں کے بارے میں بات چیت کریں اور بچوں سے موسموں کے حوالے سے کچھ سوالات کریں۔ مثلاً:
  - سردی اور گرمی میں ہم کون سے پھل اور سبزی کھاتے ہیں۔
  - سردی اور گرمی میں کس طرح کے کپڑے پہنتے ہیں۔
  - آپ کو کون سا موسم زیادہ پسند ہے۔ اور کیوں؟
  - خزاں کے موسم میں ماحول کیسا ہو جاتا ہے۔
  - بہار کے موسم کا کیسے پتا چلتا ہے۔

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیاں نکالیں اور اس میں کسی بھی ایک موسم کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔

# سیشن 2

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ اگر وہ کہیں سفر پر جا رہے ہوں تو:
  - کہاں جائیں گے۔
  - اپنے ساتھ کس قسم کے کپڑے اور جوتے لے کر جائیں گے۔
  - ان چیزوں کے علاوہ اور کیا چیزیں لے کر جائیں گے۔
  - آپ کے خیال میں ان چیزوں میں سب سے ضروری 5 چیزیں کون سی ہیں جو آپ لے کر جائیں گے۔

30 منٹ

- بورڈ پر پوائنٹس لکھیں۔ بچوں سے کہیں اپنی کوپیاں نکالیں۔ بچے ایک پیراگراف لکھیں ''میں سفر پر جا رہی ہوں / جا رہا ہوں''۔ لکھتے وقت بورڈ پر دیئے گئے پوائنٹس کا استعمال کریں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ

- کسی ملک یا جگہ کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور سیشن 5 میں لے کر آئیں۔

# سیشن 3

10 منٹ

- 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے کبھی کسی کباڑی والے کے ٹھیلے کو غور سے دیکھا ہے۔ اس پر انہوں نے کیا کیا چیزیں دیکھی ہیں۔ بچوں کو ان چیزوں کے نام بتانے کا موقع دیں۔

- بات چیت کے دوران بچوں کی توجہ ٹھیلے پر رکھے بکس کی طرف دلائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں بکس خالی ہے یا بھرا ہوا ہے۔ اگر اس میں کچھ چیزیں ہیں تو ان کے خیال میں کیا ہیں۔ بچے مختلف چیزوں کے نام بتائیں گے۔

20 منٹ

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب میں دی گئی کباڑی والے کے ٹھیلے پر رکھی چیزوں کو غور سے دیکھیں۔ بچوں سے ان چیزوں کے نام اور ان کی تعداد پوچھیں۔ بچوں سے کہیں ان کی فہرست اس طرح لکھیں کہ واحد چیز کی جمع اور جمع کی واحد لکھیں۔ مثلا:

| واحد | جمع |
|---|---|
| بالٹی | بالٹیاں |
| کرسی | کرسیاں |
| ڈبہ | ڈبے |
| تھیلی | تھیلیاں |
| بوتل | بوتلیں |
| تکیہ | تکئے |
| ٹھیلا | ٹھیلے |

- بچوں سے کہیں کہ وہ اس فہرست میں کچھ اور چیزیں جو تصویر میں نظر نہیں آ رہیں لیکن انہوں نے کسی کباڑی والے کے ٹھیلے پر دیکھی ہیں ان کا اضافہ کریں۔

## ہوم ورک

5 منٹ

- ایک خالی ڈبہ لیں۔ اس میں اپنی پسند کی 4 - 3 چیزیں ڈالیں اور سیشن 4 کے لئے اسکول لے کر آئیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 4 کے لئے A4 سائز کے کاغذ کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 4

15 منٹ
- بچے گھر سے جو چیزیں لائے ہیں ان سے باری باری ان چیزوں کے نام پوچھیں۔ ان میں سے 15 اشیاء کے نام ایک کولم میں بورڈ پر لکھیں۔ دوسرے کولم میں ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔ ٹیچر تمام الفاظ بچوں کے ساتھ مل کر دہرائیں۔ بچے یہ فہرست اپنی کوپی میں اتاریں۔

25 منٹ
- بچوں میں سفید سادہ کاغذ تقسیم کریں۔ بچے مختلف قسم اور سائز کے ڈبے/ برنیاں/ بوتلیں بنائیں۔ ان میں مختلف قسم کی چیزیں بنائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ڈبوں/ بوتلوں میں طرح طرح کی چیزیں رکھی جاتی ہیں۔ جیسے بسکٹ، ٹوفی، دالیں، چاول، مصالحے وغیرہ۔ ان کے علاوہ بھی ہم کئی چیزیں ڈبوں/ بوتلوں میں رکھتے ہیں۔ بچے اپنی مرضی سے ان ڈبوں میں چیزیں بنائیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ
- کتاب کے پہلے چار صفحوں سے املا کی تیاری کریں۔
- ملک یا جگہ کے بارے میں جو معلومات جمع کی ہیں وہ لے کر آئیں۔

# سیشن 5

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔
  - صفحہ نمبر 1 سے 4 تک املا کروائیں۔

15 منٹ
- املا کی اصلاح کروائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔

- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ

- بچے جو معلومات لے کر آئے ہیں ایک ایک کر کے کلاس کے دوسرے بچوں کے ساتھ share کریں۔

- نیچے دیئے گئے points کے مطابق معلومات لکھیں۔ اگر کوئی معلومات کم ہوں تو سیشن 6 کے لئے مکمل کر کے لائیں۔
  - ملک / جگہ کا نام
  - کس براعظم میں ہے
  - مشہور دریا / پہاڑ / عمارتیں
  - خاص کھانا
  - خاص زبان
  - خاص جانور / پرندے

## ہوم ورک

- سیشن 6 کے لئے معلومات کے مطابق تصویریں لے کر آئیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 6 کے لئے 5 - 4 poster paper کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 6

45 منٹ
- بچوں کے 5 - 4 گروپ بنائیں۔ ہر گروپ کو ایک poster دیں کہ وہ ملک یا جگہ کی معلومات لکھیں اور تصویریں چپکائیں۔ یہ poster کلاس میں display کریں۔

# خالی بھری کتاب

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk